AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin
Dated : 06 October 2026
Time : 09:25 AM

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجازہ اختر

وزیراعظم

بھارت اور سویٹزرلینڈ نے ٹرانسپورٹیشن ٹیکنالوجیز، نقل وحمل کے نظاموں اور بنیادی ڈھانچے کے شعبہ جات کے فروغ اور اشتراک سے متعلق کئی معاہدوں پر دستخط کئیے ہیں۔ یہ دستخط بھارت کے دورے پر آئے ہوئے سویٹزرلینڈ کے صدر **Guy Parmelin** اور وزیراعظم نریندر کے درمیان دوطرفہ مذاکرات کے موقعے پر کئیے گئے۔ وزیراعظم نے کہا کہ بھارت سوئٹزرلینڈ کے ساتھ تجارت، سرمایہ کاری، دفاع اور جوہری توانائی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون مزید مضبوط کرے گا۔
انہوں نے بھارت-ای ایف ٹی اے تجارتی معاہدے کو بھی اہم پیش رفت قرار دیا۔ سوئس صدر نے دونوں ممالک کے دیرینہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔

-----PM----

ایل جی

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے زرعی انجینئروں سے ایک ایسی تکنیک تیار کرنے کیلئے کہا ہے جو مون سون کے حالات اور کسانوں کے بجٹ کے مطابق حقیقی معنوں میں کھیتوں میں کام آسکے۔ سکاسٹ کشمیر میں انڈین سوسائٹی آف ایگریکلچرل انجینئرس کے سالانہ کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے زرعی انجینئروں، خواتین اور سٹارٹ اَپس کی حوصلہ افزائی کیلئے لیبارٹریز، فیلوشپس اور انکیوبیشن مراکز قائم کرنے پر زور دیا۔
منوج سنہا نے کہا کہ ڈرونز، آئی او ٹی سینسرس اور مشن لرننگ جیسے جدید ذرایع زراعت کو تبدیل کر رہے ہیں۔ انہوں نے جموں وکشمیر کے ہالیسٹک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام کو دیگر ریاستوں کیلئے قابل تقلید ماڈل قرار دیا۔ ایل جی نے زرعی

ٹیکنالوجی میں خواتین کی قیادت کو اختیار کرنے اور خواتین اختراع کاروں کو بااختیار بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اب ہمیں خوراک کی یقینی فراہمی سے آگے چل کر زرعی پیداوار کے شعبے میں ایک قائدانہ رول ادا کرنے کی سمت پیش قدمی کرنی چاہئے۔

وزیراعلیٰ

جموں وکشمیر حکومت نے یونیورسل سروس آبلی گیشن فنڈ کے تحت دوردراز اور پسماندہ علاقوں میں موبائیل سروسز کی تنصیب کیلئے اراضی فراہم کرنے کی منظوری دے دی ہے۔اس بات کی جانکاری وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ کے ذریعے دی۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں وکشمیر میں روڈ سیفٹی ایکشن پلان کی عمل آوری اور نفاذ کا جائزہ لیا۔روڈ سیفٹی سے متعلق ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے چیف سیکریٹری نے بلیک سپاٹس اور انتہائی خراب سڑکوں کی بروقت مرمت کی ہدایت دی۔میٹنگ میں جانکاری دی گئی کہ **2024** میں ایک ہزار **90** کے مقابلے میں رواں سال ستمبر تک سڑک حادثات میں ہلاکتوں کی تعداد گھٹ کر **756** ہوگئی ہے۔جبکہ حادثات کی تعداد بھی **5** ہزار **808** سے کم ہو کر **4** ہزار **222** ہوئی ہے۔چیف سیکریٹری ضلعی روڈ سیفٹی کمیٹیوں کو ماہانہ جائزہ لینے اور حادثات کی روکتھام میں تیزی لانے کی اہمیت پر زور دیا۔

ڈی سی بڈگام

ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان نے چرارشریف میں آستان عالیہ حضرت شیخ نورالدین نورانی رحمۃ اللہ علیہ پر حاضری دی اور وہاں عرس کے سلسلے میں انتظامات کا جائزہ لیا۔دورے کے دوران انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ عقیدتمندوں کیلئے بجلی، پانی، ٹرانسپورٹ، صفائی ستھرائی اور طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔انہوں نے تمام محکموں کو باہمی تال میل کے ساتھ انتظامات بروقت مکمل کرنے پر بھی زور دیا۔

دریں اثناء جموں وکشمیر وقف بورڈ کی چیئر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے بھی چرارشریف کا دورہ کرکے وہاں آستان عالیہ کے احاطے میں نئے تعمیر شدہ کمپلیکس اور ہائی ٹیک کانفرنس ہال کا افتتاح کیا۔

ڈی سی بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چب نے ضلع کیپیکس بجٹ 2026-27 کے تحت ترقیاتی کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے متعلقہ محکموں کو زیرِ التوا کاموں میں سرعت لانے، دستیاب فنڈز کے موثر اور بروقت استعمال اور کام مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت دی۔کمشنر موصوفہ نے کاموں کے معیار، باقاعدہ نگرانی اور ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ پورٹل پر تازہ اعداد و شمار درج کرنے پر بھی زور دیا۔

DLSAسرینگر

ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھارٹی سری نگر نے مختلف تعلیمی اداروں اور لیگل ایڈ کلینکس میں قانونی بیداری پروگرام منعقد کیے۔ اس موقعے پر طلبا کو POCSO ایکٹ، مفت قانونی امداد، سماجی بہبود اسکیموں اور نالسا کی مختلف اسکیموں سے آگاہ کیا گیا۔اس دوران لیگل ایڈ کلینکس اور لیگل لٹریسی کلبس کی اہمیت کو اُجاگر کیا گیا۔

عالمی دن

آج Cerebral Palsy سے تحفظ اور بیداری کا عالمی دن ہے،اس دن کا مقصد اس بیماری سے متعلق عوامی شعور اجاگر کرنا ہے۔اس سلسلے میں دنیا بھر کے ساتھ ساتھ ملک بھر میں کئی بیداری پروگرام اور سمیناروں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔

مشن شکتی شوپیان

’’سنکلپ ہب فار ایمپاورمنٹ آف ویمن‘‘ مشن شکتی شوپیاں نے گورنمنٹ ہائی اسکول زامپتھری، کیلر میں بیٹی بچاؤ، بیٹی پڑھاؤ کے تحت ایک بیدار پروگرام منعقد کیا۔اس موقعے پر طلباء کو خواتین اور بچیوں کے حقوق، تحفظ اور وقار کے ساتھ ساتھ SHe باکس کے ذریعے کام کی جگہ جنسی ہراسانی کی شکایت درج کرنے کے طریقہ کار سے آگاہ کیا گیا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **14** ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **23** اعشاریہ **6** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ